SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۹۰
SINDH ACT NO.III OF 1990
سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹
THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ACT, 1989
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم
Amendment of section 14 of Sindh Ordinance XII of 1979
۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۳ کی ترمیم
Amendment of section 33 of Sindh Ordinance XII of 1979
۴۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۷ کی ترمیم
Amendment of section 37 of Sindh Ordinance XII of 1979

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۹۰
SINDH ACT NO.III OF 1990
سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ACT, 1989

[۱۶ جنوری ۱۹۹۰]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔
جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛
اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱)اس ایکٹ کو سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹ کہا جائے گا۔
(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم
Amendment of section 14 of Sindh Ordinance XII of 1979

۲۔سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۱۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (b) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:
"بشرطیکہ عورت کے علاوہ ایک شخص جس نے عام انتخابات میں حصہ لیا لیکن جنرل سیٹ پر شکست کھائی وہ اس شق کے تحت انتخابات میں دوبارہ حصہ لینے کے لیئے اہل نہیں ہوگا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۳ کی ترمیم
Amendment of section 33 of Sindh Ordinance XII of 1979

۳۔مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳۳ کو اس دفعہ کی ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر دوبارہ نمبر دیا جائے گا اور ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر دوبارہ نمبر دیئے جانے کے بعد، مندرجہ ذیل دفعہ شامل کی جائے گی:
"(۲)۔ الیکشن اتھارٹی کو ایک سیکریٹریٹ ہوگی، جو اتھارٹی کی طرف سے وقتی طور پر نافذ قانون کے تحت بھرتی کیئے گئے عملداراس کا کام چلائیں گے۔"۔
۴۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ، ۳۷ کی ذیلی دفعہ (۲)

میں: (i) شق (c) میں، الفاظ "یا طبی طور پر معذور ہے" کو ختم کیا جائے گا۔ (ii) شق (d) میں، لفظ "جرم" اور "کاما" کے درمیاں الفاظ "بداخلاقی کرنے والا" کو شامل کیا جائے گا۔ **نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا**	۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۷ کی ترمیم Amendment of section 37 of Sindh Ordinance XII of 1979